SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

***May 14, 2018***

***For immediate release***

ایس ای سی پی نے لمیٹڈ لائیبلیبٹی پارٹنر شپ ریگولیشنز 2018 جاری کر دئے

اسلام آباد (مئی 14) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ ایکٹ 2017 کے تحت شراکتِ محدود ذمہ داری (لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ) ریگولیشنز 2018 جاری کر دئے ہیں۔
لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ کا قانون چھوٹے اور محدود پیمانے پر کئے جانے والے کاروبار جو کہ زیادہ تر مختلف خدمات کی فراہمی سے متعلق ہوتے ہیں کو ریگولیٹ اور رجسٹر کرنے کے لئے ایک باقاعدہ مگر آسان ریگولیٹری فریم ورک کرتا ہے۔ یہ قانون سرمایہ کاروں کو روایتی کاروباری شراکت داری کی آسانی کے ساتھ ساتھ ایک کمپنی کے محدود ذمہ داری کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے جس سے پیشہ ورماہرین، نئے کاروباری شروع کرنے کے خواہشمند سرمایہ کار اور سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائیز فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ کاروبار کی رجسٹریشن کا یہ قانونی سٹرکچر دنیا کے بیشتر ملکوں میں موجود ہے۔

لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ کے ریگولیشنز میں اس قانون کے تحت کاروبار کی رجسٹریشن کے طریقہ کار، شراکت داری کرنے والے افراد کی اہلیت، کمپنی کے اکاؤنٹ اور آڈٹ کی ضروریات اور تقاضوں کی تفصیلات فراہم کی گئیں ہیں۔ ایل ایل پی کے ریگولیشنز ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دئے گئے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ ایل ایل پی کے تحت کاروبار کی رجسٹریشن کی سہولت معیشت کی کارپوریٹائزیشن میں معاون ہو گی۔

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Direct # +92 51 9214005 Fax # +92 51 9206515 Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk